سوال

(50) لوہار، ترکھان، حجام، دھوبی جو کمین کہلاتے ہیں ان دانوں میں عشر ہے یا نہیں۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لوہار، ترکھان، حجام، دھوبی جو کمین کہلاتے ہیں، زمینداروں کا کام چھ مہینے کرنے کے بعد دانے لیتے ہیں، نصاب کے بعد ان پر بھی عشر فرض ہے یا زمینداروں پر ہی فرض ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عشر صرف زمیندار اور مزارع پر ہے۔ (الاعتصام جلد ۱۹ شمارہ ۱۴، ۱۵۔ ۲۹ رجب ۱۳۸۷ھ)

توضیح الکلام: ... أَنفِقُوا مِن طَيِّبَٰتِ مَا كَسَبۡتُمۡ کا عموم چاہتا ہے کہ لوہار، ترکھان وغیرہ کے دانے نصاب کو پہنچ جائیں، تو ان پر بھی عشر فرض ہے، جیسی کہ بٹائی پر زمین لے کر کام کاج کرنے والے پر عشر فرض ہے، اسی طرح ان کمیوں پر بھی فرض ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 7 ص 136

محدث فتویٰ